**17-06-2025**

**13.50 Hrs**

**HL-Opening**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں اسلم بیگ

**Music**

~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~

☆ وزیراعظم نریندر مودی کناڈا پہنچ گئے ہیں، جہاں وہ **Kananaskis** گروپ سات کی چوٹی میٹنگ میں شرکت کریں گے۔ چوٹی میٹنگ میں توانائی، سیکورٹی، ٹیکنالوجی اور عالمی چیلنجوں پر غور و خوض کیا جائیگا۔

☆ گروپ سات کے رہنماؤں نے اسرائیل اور ایران کے درمیان ابتر ہوتی ہوئی صورتحال کے بارے میں ایک مشترکہ بیان جاری کیا ہے اور مشرق وسطیٰ میں امن اور استحکام کے لئے کاربند رہنے کے اپنے عزم کو دوہرایا ہے۔

☆ تہران میں بھارت کے سفارت خانے نے اسرائیل - ایران تنازعے کے مدنظر بھارتی طلبا کو محفوظ مقاما پر پہنچا دیا ہے۔

☆ ریلوے کے وزیر اشونی ویشنو نے ہریانہ میں مانیسر میں ملک کے سب سے بڑے گتی شکتی ملٹی ماڈل کارگو ٹرمنل کا افتتاح کیا ہے۔

☆ بھارت کے موسمیات کے محکمے نے اگلے 24 گھنٹے کے دوران سوراشٹر، کچھ اور مشرقی بھارت میں تیز سے بہت تیز بارش ہونے کی پیشگوئی کی ہے۔

.....................................................................................

**Music**

اب خبریں تفصیل سے---

**PM Canada Arrival**

وزیر اعظم نریندر مودی آج رات دیر گئے کینیڈا کے شہر **Kananaskis** میں **G-7** سربراہ کانفرنس میں شرکت کریں گے۔ جناب مودی کینیڈا کے دو روزہ دورے پر آج صبح **Calgary** پہنچے ہیں۔

وزیراعظم **G-7** سربراہ کانفرنس کے مذاکرات میں شرکت کریں گے۔ یہ مذاکرات مستقبل میں توانائی کی کفایت، ٹیکنالوجی، بنیادی ڈھانچے و سرمایہ کاری کے موضوعات پر کیے جائیں گے، جس کا مقصد بدلتی ہوئی دنیا میں رسائی اور استطاعت کو یقینی بنایا ہے۔ وزیراعظم **G-7** سربراہ کانفرنس میں لگاتار چھٹی مرتبہ شرکت کریں گے۔ وہ **G-7** اور دیگر مدعو ملکوں کے رہنماؤں، نیز بین الاقوامی تنظیموں کے سربراہان سے اہم عالمی معاملات پر تبادلۂ خیال کریں گے۔

وزیراعظم سربراہ کانفرنس سے الگ بہت سے رہنماؤں کے ساتھ دو طرفہ ملاقاتیں بھی کریں گے، جن میں کینیڈا کے وزیر اعظم مارک کرنی بھی شامل ہیں۔
~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~

**V-C Suparna**

اِس دہائی کے دوران، وزیر اعظم نریندر مودی کا، کینیڈا کا یہ پہلا دورہ ہے۔ 2015 میں اپنے پچھلے دورے میں یہ دو طرفہ تعلقات، وفاعی شراکت داری کی سطح تک آگئے تھے۔ بھارت- کینیڈا تعلقات میں عوام سے عوام کے درمیان مضبوط رشتے، بڑھتی ہوئی تجارت اور سرمایہ کاری، بھارتی طلبہ کی بڑی تعداد میں موجودگی اور سائنس و ٹیکنالوجی اور اختراع کے میدانوں میں تعاون کے زبردست امکانات، اہمیت کے حامل ہیں۔ 2024 میں اشیاء کا دو طرفہ کاروبار 8 ارب 60 کروڑ امریکی ڈالر کے بقدر تھا، جو صلاحیت سے کافی کم تھا۔ کینیڈا میں بھارتی آبادی کا ایک بڑا حصہ آباد ہے، جو اُس کی آبادی کا تقریباً ساڑھے 4 فیصد ہے۔ اِس میں بھارت نژاد کنیڈیائی تقریباً 18 لاکھ لوگ اور 10 لاکھ غیر مقیم بھارتی شامل ہیں۔

سُپرنا سائیکیہ کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کے لیے۔۔

**Indian Diaspora In croatia**

کروئیشیا میں بھارت نژاد لوگوں کی تعداد میں اضافہ ہوتا جارہا ہے، اگرچہ اِس وسطی اور جنوب مشرقی یورپی ملک میں بھارتی برادری کے افراد کی تعداد کم ہے، لیکن یہ ثقافتی اعتبار سے کافی باثر ہے۔

وزیراعظم نریندرمودی کل اِس ملک کی راجدھانی Zagreb پہنچیں گے، جو کسی بھارتی وزیراعظم کا، کروئیشیا کا، اب تک کا سب سے پہلا دورہ ہوگا۔Zagreb میں بھارتی برادری کے افراد اور بھارت کے کروئیشیائی دوست، اپنے رشتوں کو اور زیادہ مضبوط بنانے کے منتظر ہیں۔جناب مودی کے اِس دورے کے بارے میں آکاشوانی کے نامہ نگار سے بات کرتے ہوئے، Zagreb میں ایک بھارتی IT پیشہ ور شخص سمراٹ نے کہا کہ انہیں خوشی ہے کہ اُن چھوٹے ملکوں میں بھی بھارت کی اہمیت میں اضافہ ہورہا ہے، جہاں اِس کی گنجائش موجود ہے۔

**Byte- Samrat**

Zagreb میں ایک ریستوراں کارکن ابھیشیک چوہان نے امید ظاہر کی کہ وزیراعظم کے اِس دورے سے تعلقات میں گہرائی پیدا ہوگی اور اِس سے بہت سے بھارتیوں کو کروئیشیا آنے کا موقع فراہم ہوگا۔

**Byte- Abhishek**

وزیراعظم کے کروئیشیا کے دورے کی خبریں دینے والے ہمارے نامہ نگار کی ایک رپورٹ

**V-C Sanjio Singh**

Zagreb میں بھارتی ترنگا نہ صرف سفارتخانے پر پھہرایا گیا، بلکہ 17 ہزار سے زیادہ اُن بھارتیوں کے دلوں میں بھی لہرایا، جو کروئیشیاء کو اپنا گھر کہتے ہیں۔ یہ لوگ کاروباری ہیں، IT پیشہ ور ہیں، ریستوراں مالکان ہیں، طلبہ ہیں اور ہُنر مند و غیر ہُنر مند کارکن ہیں۔ وزیراعظم مودی کے دورے سے، بھارتی برادری کے یہ افراد اِس گھڑی کو ایک علامتی اور اہم لمحے کے طور پر دیکھ رہے ہیں۔ اِس موقع کو اُن کے تعاون اور بڑھتی ہوئی ساکھ کے اعتراف کے طور پر دیکھا جارہا ہے۔کسی بھارتی وزیراعظم کے کروئیشیاء کے اِس پہلے دورے کو وہ دو طرفہ تعلقات اور عوام سے عوام کے درمیان رشتوں کو مستحکم بنانے کے ایک موقع کے طور پر دیکھ رہے ہیں۔

کروئیشیاء کی راجدھانی Zagreb سے سنجیو سنگھ کی رپورٹ کے ساتھ خبر نامے کے لیے میں مجیب اختر

**G7 Joind Statment**

مشرق وسطیٰ میں بڑھتی ہوئی کشیدگی کے دوران G-7 رہنماؤں نے متحدہ طور پر ایک بیان جاری کیا ہے، جس میں اسرائیل اور ایران کے درمیان ابتر ہوتی ہوئی صورتحال کا ذکر کیا گیا ہے۔G-7 کے رہنماؤں نے مشرق وسطیٰ میں امن و استحکام کے تئیں اپنے پابند رہنے کو دہرایا ہے۔ انھوں نے اسرائیل کے، اپنے دفاع کے حق پر زور دیا ہے اور اِس ملک کی سلامتی کے لیے اپنی لگاتار مدد کا خاص طور پر ذکر کیا ہے۔G-7 نے ایک مشترکہ بیان میں خطے میں جاری کشیدگی کے دوران شہریوں کی حفاظت کی اہمیت پر زور دیا ہے۔ گروپ نے، ایران کو خطے میں عدم استحکام اور دہشت کا اصل ذریعہ قرار دیا ہے۔رہنماؤں نے اپنے اِس دیرینہ موقف کو برقرار رکھا ہے کہ ایران کو چاہیئے کہ اسے کوئی نیوکلیائی ہتھیار حاصل کرنے کی اجازت نہ دی جائے۔G- 7 نے خطے میں بے چینی کی وجہ سے کسی امکانی گڑبڑ کی وجہ سے توانائی کی بین الاقوامی مارکیٹ کا تحفظ کرنے کے لیے ہم خیال ملکوں کے ساتھ تال میل کے ساتھ کام کرنے کی اپنی رضا مندی کا بھی اظہار کیا۔x

**Trump Tehran**

امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے ہر ایک سے کہا ہے کہ وہ ایران اور اسرائیل کے درمیان بڑھتی ہوئی کشیدگی کے درمیان ایران سے فوری طور پر منتقل ہوجائیں۔ البتہ انھوں نے اِس کی وضاحت نہیں کی ہے ۔ ایران کی راجدھانی تہران میں تقریباً ایک کروڑ لوگ بستے ہیں۔ٹرمپ نے Truth سوشل میڈیا پر لکھا ہے کہ ایران، کسی نیوکلیائی ہتھیار کا حامل نہیں ہوسکتا۔ وائٹ ہاؤس کے ایک افسر نے بتایا کہ صدر نے ایرانی شہریوں سے کہا ہے کہ وہ ایران سے فوری طور پر چلے جائیں ، جس سے اِس فوری ضرورت کا اظہار ہوتا ہے کہ ایران، سفارتی سطح پر بات چیت شروع کردے۔اِسی دوران امریکی صدر نے G-7 سے متعلق، کینیڈا کے اپنے دورے کو مختصر کردیا ہے۔x

**MEA- Indian Student**

ایران میں بھارت کے سفارت خانے نے تہران میں موجود بھارتی طلبا کو محفوظ مقامات پر پہنچادیا ہے۔ وزارت خارجہ نے ایک بیان میں یہ جانکاری دی ہے۔ بیان میں یہ بھی کہا گیا ہے کہ دوسرے بھارتی باشندوں کو بھی، جن کے پاس اپنا ٹرانسپورٹ کا بندوبست ہے، ان کو بھی مشورہ دیا گیا ہے کہ حالات کے پیش نظر وہ بھی وہاں سے محفوظ مقامات پر چلے جائیں۔x

**MEA Control Room**

ایران اور اسرائیل میں موجودہ حالات و واقعات کے پیش نظر وزارت خارجہ نے صورتحال کی نگرانی اور بھارتی شہریوں کو مدد فراہم کرنے کیلئے چوبیس گھنٹے ساتوں دن کام کرنے والا ایک کنٹرول روم قائم کیا ہے۔ وزارت خارجہ نے مدد کے خواہاں افراد کیلئے کئی ہیلپ لائن نمبرس جاری کئے ہیں۔ اِن میں ٹال فری نمبر ہے:

ایک آٹھ، صفر صفر، ایک ایک آٹھ، سات نو سات

تین دوسرے ہیلپ لائن نمبر اس طرح ہیں:

پلس نو ایک، ایک ایک، دو تین، صفر ایک، دو ایک ایک تین

پلس نو ایک، ایک ایک، دو تین، صفر ایک، چار ایک، صفر چار

اور

پلس نو ایک، ایک ایک، دو تین صفر ایک، سات نو، صفر پانچ۔
ایک مخصوص وہاٹس ایپ نمبر
پلس نو ایک، نو نو، چھ آٹھ، دو، نو، ایک نو، آٹھ آٹھ
بھی دستیاب کرایا گیا ہے۔ اِس کے علاوہ ای میل رابطہ situationroom@mea.gov.in بھی مہیا کرایا گیا ہے۔ x

**Vaishnaw Manesar**

ریلوے کے وزیر اشونی ویشنَو نے آج ہریانہ کے شہر مانیسر میں گتی شکتی ملٹی ماڈل کارگو ٹرمنل کا افتتاح کیا، جو بھارت کا سب سے بڑا کارگو ٹرمنل ہے۔ یہ کارگو ٹرمنل 45 ایکڑ میں پھیلا ہوا ہے اور وہاں ساڑھے چار لاکھ گاڑیاں آ جا سکتی ہیں۔ اس موقع پر جناب اشونی ویشنَو نے کہا کہ اب تک 108 ملٹی ماڈل کارگو ٹرمنل تیار کئے جاچکے ہیں اور جلد ہی ان کا استعمال شروع ہوجائے گا۔ انھوں نے کہا کہ طریقہ کار کو آسان بنانے کے لئے 2021 میں جو اصلاحات کی گئی تھیں، اُسی کی وجہ سے اتنے مختصر عرصے میں سرکار یہ مقصد حاصل کرسکی ہے۔

***Sound byte Ashwani Vaishnaw***

اس موقع پر وزیر موصوف نے ریلوے کا معیار بڑھانے، صفائی ستھرائی میں بہتری لانے اور زیادہ سہولیات فراہم کرنے کے لئے سرکار کی طرف سے کئے گئے بہت سے دوسرے اقدامات کا بھی ذکر کیا۔

**Gujrat DNA Tes**

گجرات میں، DNA ٹیسٹ کی بنیاد پر احمدآباد ہوائی حادثے میں مرنے والے تقریباً 144 افراد کی آج دوپہر 12 بجے تک شناخت کی جاچکی تھی۔ ریاست کے وزیر داخلہ ہرش سنگھوی نے سوشل میڈیا پوسٹ پر یہ جانکاری دی ہے۔
ریاستی سرکار، مرکزی ایجنسیوں کے اشتراک سے فارنسک اور قانونی کارروائی کو جلد پورا کرنے کی کوشش کررہی ہے تاکہ سوگوار کنبوں کو ان کے رشتہ داروں کی لاشیں دی جاسکیں۔x

**Meghaliya Health Budget**

میگھالیہ نے اپنے ریاستی بجٹ کی مجموعی رقم کا آٹھ فیصد صحت کے لئے مخصوص کیا ہے، جو ملک میں سب سے زیادہ ہے۔ آج سرکاری طور پر جاری ایک بیان میں بتایا گیا ہے کہ 2010 سے ریاست میں صحت کی مَد پر رکھی جانے والی رقم تین سو کروڑ روپے سے بڑھ کر 2023 میں تقریباً چھ گنا یعنی ایک ہزار سات سو کروڑ روپے ہوگئی ہے۔ x

**Bihar Death**

بہار میں گذشتہ 24 گھنٹے کے دوران آٹھ مختلف اضلاع میں بجلی گرنے کے الگ الگ واقعات میں کم سے کم 14 افراد کی موت ہوگئی۔ ذراء کے مطابق سب سے زیادہ افراد کی بکسر ضلع میں موت ہوئی، جن کی تعداد چار بتائی جاتی ہے۔ مغربی چمپارن اور کٹیہار میں تین تین افراد کی جانیں گئیں۔ اگلے 24 گھنٹے کے دوران بہار میں جنوب مغربی مانسون کے پہنچنے کا امکان ہے۔ x

**Rekha Gupta**

دلّی کی وزیراعلیٰ ریکھا گپتا نے آج قومی راجدھانی میں 33 آیوشمان آروگیہ مندروں اور 17 جن اوشدھی کیندروں کا افتتاح کیا۔وزیراعلیٰ نے اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے اعلان کیا کہ 1100 سے زیادہ آیوش مان آروگیہ مندروں کا افتتاح ، اگلے آٹھ ماہ میں یعنی اگلے سال مارچ تک کردیا جائے گا۔انھوں نے یہ بھی کہا کہ لازمی سہولیات سے لیس آروگیہ مندروں میں ابتدائی حفظان صحت سے متعلق اہم خدمات فراہم کی جائیں گی، جو محلّہ کلینکس میں بڑے پیمانے پرسدھار ہوگا۔

***S-B -Rekha Gupta***

**IMD Weather**

بھارت کے موسمیات کے محکمے نے آج سوراشٹر اور کچھ کے خطوں میں تیز سے بہت تیز بارش ہونے کی پیشگوئی کی ہے۔ محکمے نے کہا ہے کہ جنوبی گجرات اور اس کے ملحقہ علاقوں اور جنوب مغربی بنگلہ دیش اور مغربی بنگال کے گنگا کے میدانی خطے میں دو جگہ کم ہوا کے دباؤ بنے ہوئے ہیں، جن کے نتیجے میں سوراشٹر اور کچھ، گجرات کے خطے اور مشرقی بھارت میں شدید چمک کے ساتھ موسلا دھار بارش ہوسکتی ہے۔ اس کے زیر اثر اگلے 24 گھنٹوں کے دوران مغربی بنگال میں گنگا کے میدانی علاقوں، اڈیشہ، بہار اور جھارکھنڈ میں بھی بارش ہوسکتی ہے۔ موسمیات کے محکمے نے یہ بھی بتایا ہے کہ دلیNCR ، ہریانہ، پنجاب اور اترپردیش میں گرج چمک اور تیز ہواؤں کے ساتھ جمعہ تک اوسط درجے کی بارش ہونے کا امکان ہے۔ x

**Sports Round UP**

FIH ہاکی پرو لیگ میں آج لندن کے لی ویلی ہاکی اینڈ ٹینس سینٹر میں بھارتی خواتین ٹیم کا مقابلہ ارجنٹینا سے ہوگا۔ سردست بھارتی ٹیم 9 پوائنٹس کے ساتھ ساتویں مقام پر ہے۔ ارجنٹینا کے خلاف بھارت کا سخت مقابلہ ہونے کی امید ہے، کیونکہ اس لیگ میں ارجنٹینا کی خواتین ٹیم درجہ بندی میں دوسرے مقام پر ہے۔ادھر خواتین کا اپنی طرح کا پہلا ہاکی انڈیا ماسٹرز کپ 2025 کل سے چنئی میں شروع ہورہا ہے۔ اس دس روزہ ٹورنامنٹ میں کُل 8 ٹیمیں حصہ لے رہی ہیں۔ یہ ٹورنامنٹ اس مہینے کی 27 تاریخ وک ختم ہوگا۔ کل صبح چھ بجے افتتاحی میچ میں ہماچل کا مقابلہ مہاراشٹر سے ہوگا۔کرکٹ میں بین الاقوامی کرکٹ کونسل نے کل خواتین کے ICC ایک روزہ عالمی کپ 2025 کے لیے تاریخوں کا اعلان کردیا ہے۔ یہ میچز بھارت اور سری لنکا میں 30 ستمبر سے دو نومبر تک کھیلے جائیں گے۔x

**xxxxxxxxxxxxxxxxxxxxxxxx**